# بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

کراچی بائی پاس (نیشنل ہائی وے) بہاولپور

فون نمبر 0345-8880202 0301-6672323

ریفرنس نمبر: بی سی سی آئی/بی ڈبلیو پی/2023-11(452) مورخہ 25 اکتوبر 2023

## کاروائی ایگزیکٹو کمیٹی اجلاس بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری منعقدہ مورخہ 25 اکتوبر 2023ء

بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ایگزیکٹو کمیٹی کا ایک اجلاس 25 اکتوبر 2023ء بروز بدھ بوقت 11:30 بجے دن زیر صدارت صدر چیمبر جناب چوہدری ذوالفقار علی مان منعقد ہوا۔ جس میں درج ذیل اراکین شریک ہوئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ | جناب چوہدری ذوالفقار علی مان | (صدر) | آئیڈیل پاکستان انڈسٹریز پرائیویٹ لمیٹڈ، یزمان |
| 2۔ | جناب حنیف احمد | (سینئر نائب صدر) | السعید گارمنٹس اینڈ شوز، بہاولپور |
| 3۔ | جناب عدیل خالد | (نائب صدر) | دوآبہ آئل انڈسٹریز، بہاولپور |
| 4۔ | جناب محمد سہیل صدیق | (ممبر) | سہیل وقاص پرائیویٹ لمیٹڈ، لودھراں |
| 5۔ | جناب عدنان احمد | (ممبر) | فائیوسٹار سی این جی فلنگ اسٹیشن، بہاولپور |
| 6۔ | جناب محمد عارف | (ممبر) | جنید کاٹن جننگ پریسنگ اینڈ آئل ملز، احمد پور شرقیہ |
| 7۔ | جناب عامر ممتاز | (ممبر) | عامر ممتاز ٹریڈرز، احمد پور شرقیہ |
| 8۔ | جناب ظفر اقبال | (ممبر) | چوہدری موٹرز اینڈ پراپرٹی ایڈوائیزر، بہاولپور |
| 9۔ | جناب محمد نبیل شاکر | (ممبر) | ارسلان ٹوورز پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولپور |
| 10۔ | جناب مرید احمد نعیم | (ممبر) | مرید اینڈ کو، احمد پور شرقیہ |
| 11۔ | جناب محمد ارشد نذر رحمانی | (ممبر) | رحمانیہ ایسوسی ایٹس بہاولپور |
| 12۔ | جناب ملک محمد علیم | (ممبر) | ملک ٹریڈنگ کارپوریشن، احمد پور شرقیہ |
| 13۔ | جناب سید مزمل حسین | (ممبر) | انیق سپر سٹور، بہاولپور |
| 14۔ | جناب محمد جواد بندیشہ | (ممبر) | الفتح اسٹیٹ اینڈ بلڈرز، بہاولپور |

تلاوت کلام پاک سے میٹنگ کا آغاز ہوا۔ صدر چیمبر جناب چوہدری ذوالفقار علی مان نے میٹنگ میں آنے والے تمام ایگزیکٹو اراکین کو میٹنگ میں شرکت کرنے پر خوش آمدید کہا۔ اس کے بعد ایجنڈے کے درج ذیل امور زیر غور لائے گئے۔

**ایجنڈا نمبر 1:-** سابقہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ منعقدہ مورخہ 28 ستمبر 2023ء کی کاروائی کی توثیق۔

CamScanner

میٹنگ میں گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس منعقدہ مورخہ 28 ستمبر 2023ء کی کاروائی برائے توثیق پیش کی گئی، ہاؤس نے ایجنڈا جات اور ان کی تفصیل سے اتفاق کرتے ہوئے منظور کر لیا اور اسکی توثیق کرتے ہوئے درج ذیل قرارداد منظور کر لی۔

**قرارداد 01/2023-24**

**"ہرگاہ ہاؤس بہاولپور چیمبر کی ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگ منعقدہ مورخہ 28 ستمبر 2023ء کی کاروائی سے مکمل اتفاق کرتا ہے اور با اتفاق رائے اس کی توثیق کرتا ہے"**

**ایجنڈا نمبر 2:- گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک چیمبر میں آنے والی نئی ممبرشپ کی منظوری۔**

سیکرٹری جنرل چیمبر نے ہاؤس کے سامنے گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگ منعقدہ مورخہ 28 ستمبر 2023 سے لیکر موجودہ میٹنگ تک بہاولپور چیمبر میں ہونے والی نئی ممبر شپ کی فہرست پیش کی۔ جس کے مطابق 5 ممبر شپ برائے کارپوریٹ کلاس اور 21 ممبر شپ برائے ایسوسی ایٹ کلاس رجسٹر ہوئی ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

**کارپوریٹ کلاس:** 1۔ایگزیکٹو ہومز انٹرنیشنل مارکیٹنگ پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولپور 2۔ایمبلم ٹیکنالوجیز پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولپور
3۔علی حیدر آئل اینڈ گھی انڈسٹریز پرائیویٹ لمیٹڈ، حاصل پور 4۔اسماء ڈول ایس ایم سی پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولپور 5۔سولر ایکسل سسٹم پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولپور

**ایسوسی ایٹ کلاس:** 1۔لودھی ٹریڈرز کمیشن ایجنٹ، بہاولپور 2۔نصیر ہارڈ ویئر اینڈ آٹو سٹور، ڈاہرانوالہ 3۔عمر سجاد کلاتھ ہاؤس اینڈ بوتیک سنٹر، چشتیاں
4۔مدینہ کنسٹرکشن کمپنی، بہاولپور 5۔عمران ٹریڈرز، دنیاپور 6۔الرحمٰن پراپرٹی ایڈوائزرز، بہاولپور 7۔شافع انٹرپرائزز، بہاولپور
8۔محبوب اینڈ کو، بہاولپور 9۔جے اینڈ ایچ ریفریجریشن اند الیکٹرک ریپرنگ سنٹر، بہاولپور 10۔حارث ٹریڈرز، بہاولپور 11۔الائیو اے جی، بہاولپور
12۔ارشد انڈسٹریز، بہاولپور 13۔حماد کیٹل فارم، چشتیاں 14۔احباب پٹرولیم سروس، فورٹ عباس 15۔نعمان انٹرپرائزز، بہاولپور
16۔ٹورازم ڈیری اینڈ کولینری پروگرام انسٹی ٹیوٹ آف ٹورازم اینڈ ہوٹل مینجمنٹ، بہاولپور 17۔دارارقم سکولز، بہاولپور
18۔عدنان اشرف ایسوسی ایٹس اینڈ کنسٹرکشنز، بہاولپور 19۔عمراور چرڈ ہاؤسنگ سکیم اینڈ کنور ڈویلپرز، بہاولنگر 20۔مبین سجاد کارپوریشن، فورٹ عباس
21۔اے وائے سی ریئل اسٹیٹ، بہاولپور

ہاؤس نے آنے والی درج بالا کارپوریٹ اور ایسوسی ایٹ کلاس کی تمام نئی ممبرشپ پر غور و خوض کرتے ہوئے ان کی باقاعدہ طور پر منظوری دیتے ہوئے درج ذیل قرارداد کی توثیق کر دی۔

**قرارداد 02/2023-24**

**"ہرگاہ ہاؤس گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ منعقدہ مورخہ 28 ستمبر 2023 سے لیکر آج کی میٹنگ تک بہاولپور چیمبر میں آنے والی تمام نئی ممبرشپ جس میں 5 کارپوریٹ اور 21 ایسوسی ایٹ کلاس شامل ہیں، کی بہاولپور چیمبر کی ممبرشپ حاصل کرنے کی باقاعدہ طور پر منظوری دیتا ہے۔"**

**ایجنڈا نمبر 3:- گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک چیمبر کی سرگرمیوں پر بریفنگ۔**

صدر چیمبر کی ہدایت پر سیکرٹری جنرل چیمبر نے ملٹی میڈیا کے ذریعے گذشتہ میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک (چیمبر اور چیمبر سے باہر) ہونے والے تمام پروگرامز، میٹنگز وغیرہ جن میں چیمبر کے اعلیٰ عہدیداران، اراکین ایگزیکٹو اور دیگر اراکین شریک ہوئے، پر بریفنگ دی جسے جاننے کے بعد ہاؤس نے اظہار تحسین کیا۔

**ایجنڈا نمبر 4:- فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے الیکشن برائے سال 2024 کے لیے بہاولپور چیمبر کی نمائندگی پر غور و خوض و منظوری۔**

سیکرٹری جنرل چیمبر نے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ ہر سال فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FPCCI) کے انتخابات ماہ دسمبر میں منعقد کیے جاتے ہیں اور پاکستان بھر میں قائم چیمبرز آف کامرس اور صنعتی وتجارتی ایسوسی ایشنز کی جانب سے دو دو نمائندے برائے جنرل باڈی کے لیے اور انہی دو نمائندوں میں سے ایک رکن

ایگزیکٹو کمیٹی کے لیے نامزد کیے جاتے ہیں۔ لہذا بہاولپور چیمبر آف کامرس سے بھی دو اراکین کے نام بھیجے جانا مقصود ہیں جس پر صاحب صدر نے ہاؤس سے تجاویز طلب کیں۔ ہاؤس نے متفقہ طور پر FPCCI کے لیے بھیجے جانے والے ناموں کا اختیار صاحب صدر کو تفویض کر دیا اور انہیں یہ مکمل اختیار دیا کہ وہ FPCCI کی جنرل باڈی اور ایگزیکٹو کمیٹی برائے سال 25-2024 کے لیے اپنا اختیار استعمال کرتے ہوئے نام بھیج سکتے ہیں۔

**ایجنڈا نمبر 5:-** **ماہ ستمبر اور سالانہ جنرل میٹنگ 2023 کے دوران چیمبر میں ہونے والے اخراجات کی منظوری۔**

سیکرٹری جنرل چیمبر نے ہاؤس میں ماہ ستمبر 2023 اور بہاولپور چیمبر کی 32 ویں سالانہ جنرل میٹنگ کے اخراجات پر مبنی گوشوارا جات برائے منظوری پیش کیے۔ سیکرٹری جنرل نے اخراجات پر مبنی گوشوارا جات پیش کرنے سے پہلے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ چیمبر کی فنانس کمیٹی اپنی میٹنگ منعقدہ مورخہ 24 اکتوبر 2023 میں ان تمام اخراجات بمع بلز اور ووچرز ریویو کر چکی ہے۔ سیکرٹری جنرل نے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ ماہ ستمبر 2023 اور بہاولپور چیمبر کی 32 ویں سالانہ جنرل میٹنگ پر اٹھنے والے کل اخراجات پر مبنی گوشوارا جات برائے غور و خوض و منظوری ایگزیکٹو اراکین کی فائلوں میں موجود ہیں جس کے مطابق ماہ ستمبر میں ہونیوالے کل اخراجات مبلغ-10,18,909 روپے اور بہاولپور چیمبر کی 32 ویں سالانہ جنرل میٹنگ پر اٹھنے والے کل اخراجات مبلغ-25,28,689 روپے ہیں۔ ہاؤس نے ان اخراجات پر مبنی گوشوارا جات پر غور و خوض کرتے ہوئے ان اخراجات کو منظور کر لیا اور باالاتفاق رائے درج ذیل قرارداد کی توثیق کر دی۔

**قرارداد 03/2023-24**

**"ہرگاہ ہاؤس ماہ ستمبر 2023 میں ہونیوالے کل اخراجات مبلغ-10,18,909 روپے اور بہاولپور چیمبر کی 32 ویں سالانہ جنرل میٹنگ پر اٹھنے والے کل اخراجات مبلغ-25,28,689 روپے کی باالاتفاق رائے منظوری دیتا ہے اور ان اخراجات کی توثیق کرتا ہے۔"**

**ایجنڈا نمبر 6:-** **صاحب صدر کی پیشگی اجازت سے زیر غور لائے جانے والے امور۔**

درج بالا ایجنڈے میں مزید کوئی نکتہ زیر غور نہ تھا لہٰذا صدر چیمبر نے میٹنگ کے اختتام کا اعلان کیا۔

جس کے بعد اراکین ایگزیکٹو کی چائے سے تواضع کی گئی۔

(سیکرٹری جنرل)
بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

(صدر)
بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

CamScanner